Member APNS
کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ
Daily Gwadar Business Quetta
روزنامہ
ABC Certified
گوادر بزنس
کوئٹہ
ایڈیٹر: ریاض احمد
جلد 22 | جمعہ 25 ستمبر 2026ء | 12 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 76
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

افغانستان لنا جلوکے زیر کنٹرول علاقوں میں 10 مقامات پر دہشتگردوں کے ٹھکانے مکمل طور پر تباہ

پاکستان نے افغان سرزمین سے ڈرونز بھیجنا ملکی خودمختاری، سالمیت کی کھلی خلاف ورزی قرار دیدیا، افغان سرزمین سے دہشتگردی یا حملے کسی صورت قبول نہیں کیے جائیں گے، حکام

افغان سرزمین سے ڈرونز کی شکل میں مداخلت پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی صریحاً خلاف ورزی ہے، وزیر اطلاعات عطاء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطااللہ تارڑ نے کہا ہے کہ فضائی اور ڈرون کارروائیوں کے ذریعے افغان طالبان حکومت کے زیر کنٹرول علاقوں میں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے گزشتہ روز افغان سرزمین سے ڈرونز (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم (آج) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے

تنازعات کے پرامن حل، مکالمے، سفارت کاری اور تحمل کی ضرورت پر زور دیں گے

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف (آج) 25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیراعظم اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

بیرون ملک مقیم باصلاحیت پاکستانی نوجوان پوری قوم کا فخر ہیں، وزیراعظم

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم باصلاحیت پاکستانی نوجوان مجھ سمیت پوری (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

شمالی وزیرستان، سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 8 دہشت گرد ہلاک

بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر سامان بھی برآمد ہوا ہے، سیکیورٹی ذرائع

شمالی وزیرستان (این این آئی) شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆

پاکستان کو توڑنے کی سازش کامیاب نہیں ہوگی، وزیراعلیٰ

بلوچستان میں انسرجنسی نہیں چند عناصر شناخت کی بنیاد پر علیحدگی کی سوچ کو فروغ دے رہے ہیں

بلوچ نوجوانوں کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، جس سے نہ بلوچستان کے نوجوانوں کو کچھ حاصل ہوگا اور نہ ہی صوبے کے مستقبل کو کوئی فائدہ پہنچے گا

غیر متوازن ترقی اور پسماندگی کو بلوچستان میں بے امنی کی مرکزی وجہ قرار دینا درست نہیں، کیونکہ غیر متوازن ترقی کا مسئلہ پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں موجود ہے

بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم پروپیگنڈے کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کر رہے ہیں، نوجوان تعلیم، ترقی اور روشن مستقبل پر توجہ دیں اور ریاست مخالف پروپیگنڈے کا حصہ نہ بنیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں انسرجنسی نہیں، بلکہ چند عناصر شناخت کی بنیاد پر علیحدگی کی سوچ کو فروغ دے رہے ہیں۔ ایسے عناصر پاکستان کو کیک کی طرح تقسیم کرنا چاہتے ہیں تاہم پاکستان کو توڑنے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رکن ایوان بالا سینیٹر دنیش کمار، معاون برائے اطلاعات و سیاسی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان لانگ مارچ کے معاملے پر درمیانی راستہ نکالنے کی کوشش

حکومت کی لانگ مارچ موخر کرنے کی شرط عائد، بانی پی ٹی آئی کی رہائی مذاکراتی ایجنڈے کا حصہ نہیں ہوگی، ذرائع

حکومت کے ساتھ رابطے جاری ہیں، اب سے کچھ گھنٹے قبل بھی حکومت کے ساتھ رابطہ ہوا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے درمیان سیاسی کشیدگی کم کرنے کے لیے بیک ڈور رابطوں میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے جس میں لانگ مارچ کے حوالے سے درمیانی راستہ نکالنے پر غور کیا جا رہا ہے، جبکہ حکومت نے لانگ مارچ موخر (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی سے کسی رہنماء کو ملاقات کی اجازت نہ مل سکی

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی سے جمعرات کو کسی پارٹی رہنما کو ملاقات کی اجازت نہ مل سکی۔ تمام رہنما دامگل ناکے سے واپس روانہ ہوگئے، وکیل غلام فاروق اعوان، سید سہیل مکرم اور ضیا اللہ خان اڈیالہ روڈ (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی قیادت کا اجلاس، لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز

ارکان کا محمود اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کے کردار پر سخت تحفظات کا اظہار

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی قیادت کے اجلاس میں اکثریتی ارکان نے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز دے دی۔ نجی ٹی وی کے مطابق پی ٹی آئی کی قیادت کے اجلاس میں (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی؛ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے مالدیپ پارلیمنٹ کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ سے مصافحہ کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل سے اسپیکر مالدیپ پارلیمنٹ کی ملاقات، علاقائی سلامتی دوطرفہ تعاون پر گفتگو

مالدیپ کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا

فیلڈ مارشل نے دونوں ممالک کے باہمی مفاد کیلئے تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف ڈیفنس اسٹاف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے مالدیپ کی پارلیمنٹ کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے جی ایچ کیو ملاقات میں کی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ایرانی ہم منصب سید عباس عراقچی سے ملاقات

نیویارک (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ملاقات کی، جس میں اسحاق ڈار نے علاقائی امن اور سلامتی (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم کی آسٹریا کے چانسلر کرسچن اسٹوکر سے ملاقات

مختلف شعبوں میں تعاون اور باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تبادلہ خیال

نیویارک (این این آئی) وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف 81 ویں اجلاس کے افتتاحی سیشن کے موقع پر آسٹریا کے وفاقی چانسلر (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، وزیر اعظم کی فیول ریلیف اسکیم سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحاتی پروگرام

وزیر اعظم کا عملدرآمد کیلئے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

علاقائی تنازعات اور بیرونی مہنگائی کے دباؤ کے باوجود پاکستان محتاط مالیاتی اور زری پالیسیوں کی بدولت معاشی استحکام کے مرحلے سے کامیابی کے ساتھ معاشی بحالی کی جانب گامزن ہے، منیجنگ ڈائریکٹر

حکومت ملک میں سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کیلئے سازگار ماحول فراہم کر رہی ہے، وزیر اعظم کی سرمایہ کاری کی دعوت

نیویارک (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحاتی پروگرام پر کامیابی سے عملدرآمد کیلئے اپنی حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

نیویارک (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کیلئے سازگار ماحول فراہم کر رہی ہے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

نیویارک؛ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے کاروباری افراد اور پیشہ ور ماہرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پی ٹی آئی قیادت سے بیک ڈور رابطے اب بھی ہیں

لانگ مارچ موخر کیے جانے تک پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہو سکتے

انا اللہ

یہ یاد رکھا جائے کسی کو بھی اسلام آباد پر چڑھ دوڑنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، سڑکیں کھلی ہوئی ہیں، کنٹینر سڑک کنارے پڑے ہیں

لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیئے جا رہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہوگا، مشیر وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی قیادت سے بیک ڈور رابطے اب بھی ہیں، لانگ مارچ موخر کیے جانے تک (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

بلوچستان، سمارٹ لاک ڈاؤن نافذ، کاروباری مراکز کے نئے اوقات مقرر

کفایت شعاری اقدامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے، نوٹیفکیشن

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے کفایت شعاری اور ایندھن بچت (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں اخبار بینی کا قومی دن (آج) منایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں اخبار بینی کا قومی دن (آج) 25 ستمبر (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

جمہوریت کے استحکام میں اخبارات کا غیر جانبدارانہ کردار قابل قدر ہے

صدر و وزیر اعظم

صدر نے صحافت کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھنے اور آزاد صحافت کے فروغ کے سلسلے میں پریس کو اپنی مسلسل حمایت کا بھرپور یقین دلایا

اخبارات میں مستند ادارتی نظام قارئین کو تحقیق و تصدیق پر مبنی خبریں، تجزیے اور باخبر نقطہ نظر فراہم کرنے کے لئے ضروری ہے، وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے نوجوانوں کو اخبارات کے مطالعہ کی عادت اپنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوریت کے استحکام میں اخبارات کا غیر جانبدارانہ اور متوازن کردار قابل قدر ہے۔ توقع ہے کہ اخبارات کے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اخبارات میں مستند ادارتی نظام قارئین کو تحقیق و تصدیق پر مبنی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر نجیب نقی آزاد جموں و کشمیر کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ، (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈاکٹر نجیب نقی کو آزاد جموں و کشمیر کا 25 واں صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

پاکستان کو رواں ماہ قطر سے ایل این جی کی دوسری کھیپ موصول

کراچی (این این آئی) پاکستان کو رواں ماہ قطر سے ایل این جی کی دوسری کھیپ موصول ہوگئی۔ ایل این جی بردار جہاز شاندونگ (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب نے حوثیوں کے 6 بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیئے

حوثیوں کے میزائلوں کا تباہ ملبہ میدان میں گرا، کوئی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

آئندہ بھی کارروائیاں جاری رکھیں گے، جنرل ترکی المالکی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی قیادت میں یمن کی اتحادی افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ حوثیوں کی جانب سے داغے گئے 6 بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیئے۔ عرب (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کانیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

مسلم لیگ (ن) کے ڈاکٹر نجیب نقی آزاد کشمیر کے 25 ویں صدر منتخب

ڈاکٹر نجیب نقی نے 32 اور پیپلز پارٹی کے امیدوار چوہدری لطیف اکبر نے 13 ووٹ حاصل کیے

مظفر آباد (این این آئی) ڈاکٹر نجیب نقی آزاد کشمیر کے 25 ویں صدر منتخب ہوگئے۔ آزاد کشمیر کے نئے صدر کے انتخاب کے لیے آزاد جموں و کشمیر اسمبلی کا اجلاس ہوا جس (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

ریکوڈک منصوبہ پاکستان کی مستقبل کی برآمدات کے لیے اہم ہے

وزیر خزانہ

ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے، وزیر خزانہ کی اہم ملاقاتیں، ڈیجیٹائزیشن، پی آئی اے اور ریکوڈک پر مشاورت

پاکستان میں ورچوئل اثاثہ جات سے متعلق قانون سازی اور نگرانی پر کام جاری ہے، محمد اورنگزیب

نیویارک (این این آئی) نیویارک میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی اہم ملاقاتیں ہوئیں جن میں پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن، ایوی ایشن، کان کنی اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون پر (بقیہ نمبر 151 صفحہ 3 پر)

مستونگ حملہ، ہلاک دہشتگرد سے افغان انٹیلی جنس کا کارڈ برآمد

فورسز نے فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کر کے مزید 7 خوارج کو ہلاک کر دیا تھا

مستونگ (این این آئی) سیکیورٹی ذرائع نے بتایا ہے کہ مستونگ حملے میں ہلاک دہشت گردوں میں افغان باشندے بھی شامل تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

صوبوں کی تقسیم قبول نہیں، ٹی وی چینلز کے سروے سے کیا فرق پڑتا ہے؟ شرجیل میمن

ایم کیو ایم ٹی وی پر پورا دن پیپلز پارٹی کے خلاف زہر اگلتی ہے اور اس کی وجہ سے صنعتیں دوسرے صوبوں میں منتقل ہوئیں

18 سال کا حساب دینے کے لیے تیار ہیں، پاکستان کو دوبارہ لسانیت کے حوالے نہیں کیا جا سکتا

کراچی (این این آئی) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ہمیں صوبوں کی تقسیم قبول نہیں، نجی ٹی وی چینلز کے سروے سے کیا فرق پڑتا ہے؟ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی لانگ مارچ روکنے کا سیکیورٹی پلان تیار، ربڑ گنز اور ربڑ کی ہزاروں گولیوں کی ڈیمانڈ

ہزاروں اینٹی رائٹ کٹس، بلٹ پروف ہیلمٹ، جیکٹس، آنسو گیس گنز اور شیلز بھی طلب کر لیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے لانگ مارچ سے نمٹنے کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہوگئی ہیں اس سلسلے میں راولپنڈی ڈویژن میں 43 ہزار سے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

عالمی قرض 3 لاکھ 65 ہزار ارب ڈالر تک پہنچ گیا

2026ء کی پہلی ششماہی میں عالمی قرض میں 10 ہزار ارب ڈالر کا اضافہ

کراچی (این این آئی) 2026ء کی پہلی ششماہی کے اختتام تک دنیا کا مجموعی قرض 3 لاکھ 65 ہزار ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل فنانس (آئی آئی ایف) (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

سندھ کے 6 انتظامی یونٹس بنیں گے، وسائل سب میں برابر تقسیم ہوں گے، فاروق ستار

کراچی، حیدرآباد، میرپور خاص، سکھر، لاڑکانہ اور دیگر علاقوں کو ترقی کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

کیچ، فائرنگ کے تین الگ واقعات میں 4 افراد جاں بحق

پولیس نے تمام واقعات میں ضروری کارروائی کے بعد میتیں ورثا کے حوالے کر دیں

تربت (این این آئی) کیچ کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے تین الگ واقعات میں 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ کلانک میں آر ایچ سی کے سامنے نامعلوم مسلح افراد نے کیلے فروخت کرنے والے دو غیر مقامی ریڑھی بانوں پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں دونوں موقع پر (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

کراچی؛ ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماء ڈاکٹر فاروق ستار پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

معرکہ حق کے بعد معرکہ معیشت میں کامیابی حاصل کرنا لازم ہے

احسن اقبال

حکومت اور چیمبرز کو ٹیم بن کر ملکی معیشت کے لئے کام کرنا ہوگا، دفاعی اور سفارتی کامیابیوں کو معاشی کامیابی میں تبدیل کرنا ہوگا، خطاب

چیمبرز اپنے ممبران کی استعداد کار میں اضافہ کریں اور عالمی منڈیوں تک رسائی اور برآمدات کے فروغ کے لئے عملی اقدامات کریں

فیصل آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ فیصل آباد پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، حکومت اور چیمبرز کو ایک ٹیم بن کر ملکی معیشت کے لئے کام کرنا ہوگا، معرکہ حق کے بعد اب معرکہ معیشت (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

مکہ، جدہ اور دیگر سعودی شہروں کیلئے خطرے کا الرٹ جاری

مکہ مکرمہ (این این آئی) سعودی عرب کے محکمہ شہری دفاع نے مکہ مکرمہ، جدہ، ینبع، طائف اور تبوک میں ہنگامی خطرے کا الرٹ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی سمیت 5 افراد نامزد

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت میں 9 اور 10 مئی کے پرتشدد واقعات اور ریڈیو پاکستان پر حملہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

جھوٹی خبروں سے بچیں
روزانہ اخبار پڑھیں
اخبار
#READNEWSPAPERS
APNS
25 SEP. NATIONAL NEWSPAPER READERSHIP DAY

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

اقوام متحدہ کی حوثی حملے کی مذمت!

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے حوثیوں سے اشتعال انگیز فوجی کارروائیاں فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ سلامتی کونسل کے ارکان نے سعودی عرب سے اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے بین الاقوامی قانون کے تحت اس کے حقِ دفاع کی بھی توثیق کی ہے۔ دوسری جانب ایران کا کہنا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی معاہدے کی طرف واپسی اور موجودہ بحران کے حل کے لیے سفارتی کوششیں اور بین الاقوامی ثالثی جاری ہے۔ ایرانی وزارتِ داخلہ کے ترجمان علی زینی وند کے مطابق ایران چاہتا ہے کہ امریکا بھی معاہدے کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے وعدے پورے کرے۔ ادھر نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، جس میں خطے کی تازہ صورتِ حال اور بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان نے بھی باب المندب میں حوثیوں کی جانب سے تجارتی جہازوں اور ان کے عملے پر حملوں کی مذمت کرتے ہوئے انہیں فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایران پر امریکا اور اسرائیل کے حملوں نے مشرقِ وسطیٰ کی صورتِ حال کو پہلے ہی انتہائی تشویش ناک بنا دیا تھا، جس کے اثرات عالمی معیشت پر بھی مرتب ہوئے اور ان میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ اب سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں نے اس تشویش میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ بحیرہ احمر اور باب المندب جیسے اہم بحری راستوں میں عدم تحفظ نہ صرف علاقائی تجارت بلکہ عالمی سپلائی چین، توانائی کی قیمتوں اور بین الاقوامی معیشت کے لیے بھی نئے خطرات پیدا کر سکتا ہے۔ اقوام متحدہ کی جانب سے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت اور انہیں فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ ایک اہم سفارتی اقدام ہے، تاہم سوال یہ ہے کہ آیا محض مذمتی بیانات اور قراردادیں زمینی صورتِ حال تبدیل کرنے کے لیے کافی ہوں گی؟ ایک اہم سوال یہ بھی ہے کہ حوثیوں کی عسکری صلاحیت میں حالیہ عرصے میں ہونے والے اضافے کی نوعیت کیا ہے، انہیں جدید اور مہلک ہتھیار اور ٹیکنالوجی کہاں سے حاصل ہو رہی ہے، اور ان صلاحیتوں کے پیچھے کون سے عوامل کارفرما ہیں؟ ایران کی جانب سے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں میں ساتھ نہ دینے کا موقف اپنی جگہ موجود ہے، تاہم اس پورے معاملے کو سمجھنے کے لیے ہتھیاروں کی فراہمی، تکنیکی معاونت اور علاقائی عسکری نیٹ ورکس سے متعلق شواہد اور بین الاقوامی تحقیقات کو بھی سامنے رکھنا ضروری ہے۔ اس صورتِ حال میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے ایک اہم سفارتی راستہ بن سکتی ہے۔ اگر فریقین خلوصِ نیت کے ساتھ اس مفاہمت کی طرف واپس آتے ہیں، ایک دوسرے کے تحفظات کو مذاکرات کے ذریعے دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اپنے وعدوں پر عمل درآمد کو یقینی بناتے ہیں تو نہ صرف امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کم ہو سکتی ہے بلکہ پورے خطے میں امن واستحکام کی راہ بھی ہموار ہو سکتی ہے۔

''چمن ایجوکیشنل فیسٹیول''، علم کی روشنی، ثقافت کی خوشبو اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کی نوید

گل میر خان کاکڑ

چمن ایجوکیشنل فیسٹیول کی سب سے خوبصورت خصوصیات میں سے ایک پشتون کلچر ڈے کا انعقاد تھا، جس نے فیسٹیول میں علم کے ساتھ ثقافت کے رنگ بھی بھر دیے۔ پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون قوم کی قدیم روایات، تہذیبی اقدار، ثقافتی لباس، موسیقی یا کھیل کا نام نہیں بلکہ یہ ایک قوم کی اجتماعی یادداشت، اقدار، طرزِ زندگی اور تاریخی تسلسل کی نمائندگی کرتی ہے۔ اسی لیے ثقافتی ورثے کو نئی نسل تک منتقل کرنا معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ مثبت سرگرمیوں کے ذریعے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے اور ثقافتی سرگرمیاں نوجوانوں کی شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ چمن ایجوکیشنل فیسٹیول میں فٹبال، غیڑ، رسہ کشی، اتن؟ اور دیگر سرگرمیوں کا انعقاد نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کی ایک خوبصورت کوشش تھی۔ ایسی سرگرمیاں نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، برداشت، باہمی احترام اور مقابلے کے مثبت جذبے کو فروغ دینے کا ذریعہ بنتی ہیں۔ اس طرح فیسٹیول نے تعلیم کے ساتھ جسمانی صحت، ذہنی نشوونما اور سماجی ہم آہنگی کے پہلوؤں کو بھی جگہ دی۔ ڈپٹی کمشنر چمن کا مؤقف* اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے کہا کہ چمن کے نوجوان باصلاحیت، محنتی اور روشن مستقبل کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، انہیں صرف درست سمت، مناسب مواقع اور بروقت رہنمائی فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ چمن ایجوکیشنل فیسٹیول نوجوانوں کے لیے ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں کلاس روم سے آگے کی تعلیم، جدید دور کی رہنمائی، ہنر، کیریئر اور مستقبل کے مواقع کو ایک جگہ جوڑا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ثقافت کسی بھی قوم کی شناخت اور تاریخی ورثے کی عکاس ہوتی ہے، جبکہ تعلیم نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ فیسٹیول میں تعلیم اور ثقافت کو ایک ساتھ اجاگر کرنے کا مقصد نوجوانوں کو اپنی روایات سے جوڑنے کے ساتھ ساتھ انہیں علم، ہنر، مثبت سرگرمیوں اور جدید مواقع کی جانب راغب کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے فیسٹیول کے انعقاد میں تعاون کرنے والے تمام اداروں، قبائلی عمائدین، ماہرینِ تعلیم، اساتذہ، طلبہ، فنکاروں اور شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے لیے ایسے مواقع مستقبل میں بھی فراہم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ان کی صلاحیتوں کو مزید نکھارا جا سکے۔ *ایک فیسٹیول، کئی پیغامات* چمن ایجوکیشنل فیسٹیول کا پیغام صرف دو دن تک محدود نہیں۔ اس سرگرمی نے یہ احساس اجاگر کیا کہ نوجوانوں کو صرف تعلیمی اسناد نہیں بلکہ سمت، رہنمائی، مواقع اور اعتماد کی بھی ضرورت ہے **ایک طرف کتابوں اور تعلیمی اسٹالز نے علم کی اہمیت اجاگر کی، دوسری طرف ثقافتی سرگرمیوں نے نوجوانوں کو مثبت اور صحت مند ماحول فراہم کیا۔ اسی طرح پشتون کلچر ڈے نے یہ پیغام دیا کہ ترقی کی جانب سفر اپنی ثقافتی شناخت کو ساتھ لے کر بھی جاری رکھا جا سکتا ہے۔ جدید تعلیم اور قدیم روایات ایک دوسرے کی ضد نہیں بلکہ ایک متوازن اور باوقار معاشرے کے دو اہم پہلو بن سکتے ہیں۔ *اختتامیہ* چمن ایجوکیشنل فیسٹیول دراصل ایک ایسی خوبصورت تصویر پیش کرتا ہے جس میں ایک ہاتھ میں کتاب، ذہن میں علم، نگاہوں میں مستقبل اور دل میں اپنی ثقافت کی محبت موجود ہے۔ یہ فیسٹیول اس امید کی علامت ہے کہ اگر نوجوانوں کو تعلیم، ہنر، مواقع، رہنمائی اور مثبت سرگرمیوں کے لیے مناسب پلیٹ فارم فراہم کیے جائیں تو وہ نہ صرف اپنے مستقبل کو بہتر بنا سکتے ہیں بلکہ اپنے علاقے اور معاشرے کی ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ چمن کی سرزمین پر منعقد ہونے والی یہ تعلیمی و ثقافتی سرگرمی اس احساس کو مزید مضبوط کرتی ہے کہ علم وہ روشنی ہے جو مستقبل کا راستہ ہمیشہ روشن رکھتی ہے۔ چمن ایجوکیشنل فیسٹیول نے انہی تینوں پہلوؤں — تعلیم، ہنر اور ثقافت — کو ایک خوبصورت رشتے میں پرو کر نوجوان نسل کے سامنے ایک مثبت اور تعمیری راستہ پیش کیا، جس کی خوشگوار یادیں شرکا کئی ساتھ دیر تک زندہ رہیں گی۔

☆☆☆

کسی بھی معاشرے کی حقیقی ترقی صرف بلند عمارتوں، سڑکوں اور معاشی سرگرمیوں سے نہیں بلکہ اس کے نوجوانوں کی فکری تربیت، تعلیمی شعور، تخلیقی صلاحیتوں اور اپنی تہذیبی شناخت سے وابستگی سے ہوتی ہے۔ یہی وہ سوچ ہے جو چمن میں منعقد ہونے والے دو روزہ چمن ایجوکیشنل فیسٹیول کو محض ایک تعلیمی سرگرمی سے بڑھ کر ایک جامع سماجی، تعلیمی اور ثقافتی کاوش بناتی ہے۔ چمن میں منعقد ہونے والے اس منفرد فیسٹیول نے تعلیم، علم، کیریئر، ہنر، روزگار، کھیل، فن اور ثقافت کو ایک ہی پلیٹ فارم پر یکجا کر کے نوجوان نسل کے لیے ایک ایسا ماحول فراہم کیا جہاں کتاب کے علم کے ساتھ عملی زندگی کے تقاضوں، مستقبل کے امکانات اور اپنی ثقافتی شناخت کو بھی سمجھنے کا موقع ملا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کی خصوصی ہدایات و رہنمائی کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی سرپرستی میں ہونے والے اس فیسٹیول کے مختلف پروگرامز گورنمنٹ شہید ایمل خان اچکزئی بوائز ڈگری کالج چمن اور گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چمن میں منعقد ہوئے۔ فیسٹیول کا باقاعدہ افتتاح کمانڈر چمن اسکاؤٹس بریگیڈیئر زرار احمد، ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فدا بلوچ اور قبائلی عمائدین نے کیا، جبکہ فیسٹیول میں طلبہ و طالبات، اساتذہ، پروفیسرز، ماہرینِ تعلیم، سکالرز، قبائلی عمائدین، ضلعی افسران اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ * تعلیم سے آگے، مستقبل کی تیاری* چمن ایجوکیشنل فیسٹیول کی ایک نمایاں خصوصیت یہ رہی کہ یہاں تعلیم کو صرف نصابی کتابوں اور امتحانات تک محدود نہیں رکھا گیا بلکہ طلبہ کو عملی زندگی کے مختلف پہلوؤں، کیریئر کے انتخاب، جدید ہنر اور روزگار کے بدلتے ہوئے مواقع سے بھی روشناس کرایا گیا۔ ماہرینِ تعلیم اور پروفیسرز کی جانب سے کیریئر گائیڈنس لیکچرز کا انعقاد کیا گیا*، جبکہ بلوچستان کی مختلف جامعات میں داخلوں، اسکالرشپس اور تعلیمی مواقع سے متعلق معلوماتی اسٹالز قائم کیے گئے۔ ان سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کو یہ سمجھنے کا موقع ملا کہ ان کی دلچسپی، صلاحیت اور تعلیمی استعداد کے مطابق مستقبل میں کون سے راستے ان کے لیے موزوں ہو سکتے ہیں۔ سائنس، آرٹ اور کتابوں کی نمائش، تعلیمی و معلوماتی اسٹالز، تقریری مقابلے، کوئز اور سائنسی سرگرمیاں بھی فیسٹیول کا حصہ رہیں۔ نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، جدید مہارتوں اور روزگار کے نئے امکانات سے آگاہ کیا گیا، جس سے فیسٹیول میں تعلیم کو عملی زندگی کے تقاضوں سے جوڑنے کا پہلو مزید نمایاں ہوا۔ * کتاب سے کردار تک* *تعلیم کا مقصد صرف معلومات حاصل کرنا نہیں بلکہ سوچنے، سمجھنے، سوال کرنے، فیصلہ کرنے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا بھی ہے۔* چمن ایجوکیشنل

1 ٹینڈر نمبر 1 برائے سولر واٹر پمپ اور بورنگ کی بحالی

2 ٹینڈر نمبر 10 برائے پرنٹنگ اور اسٹیشنری کی فراہمی

3 ٹینڈر نمبر 3 برائے کمپیوٹر لیبارٹری کے لیے 25 عدد ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز کی خریداری

4 ٹینڈر نمبر 4 برائے ہیلتھ سینٹر کے لیے ایمبولینس کی خریداری

5 ٹینڈر نمبر 5 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

6 ٹینڈر نمبر 6 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

7 ٹینڈر نمبر 7 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

8 ٹینڈر نمبر 8 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

9 ٹینڈر نمبر 9 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

10 ٹینڈر نمبر 10 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

11 ٹینڈر نمبر 11 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

12 ٹینڈر نمبر 12 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

13 ٹینڈر نمبر 13 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

14 ٹینڈر نمبر 14 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

15 ٹینڈر نمبر 15 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

16 ٹینڈر نمبر 16 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

17 ٹینڈر نمبر 17 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

18 ٹینڈر نمبر 18 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

19 ٹینڈر نمبر 19 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

20 ٹینڈر نمبر 20 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

21 ٹینڈر نمبر 21 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

22 ٹینڈر نمبر 22 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

23 ٹینڈر نمبر 23 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

24 ٹینڈر نمبر 24 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

25 ٹینڈر نمبر 25 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

26 ٹینڈر نمبر 26 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

27 ٹینڈر نمبر 27 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

28 ٹینڈر نمبر 28 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

29 ٹینڈر نمبر 29 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

30 ٹینڈر نمبر 30 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

31 ٹینڈر نمبر 31 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

32 ٹینڈر نمبر 32 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

33 ٹینڈر نمبر 33 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

34 ٹینڈر نمبر 34 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

35 ٹینڈر نمبر 35 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

36 ٹینڈر نمبر 36 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

37 ٹینڈر نمبر 37 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

38 ٹینڈر نمبر 38 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

39 ٹینڈر نمبر 39 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

40 ٹینڈر نمبر 40 برائے ڈسپنسری کے لیے ادویات کی خریداری

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی 1991 پالیسی کے تحت آسامیوں کی تقسیم سے متعلق کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میڈیا ریاست کا اہم ستون، سیاست اور صحافت ایک دوسرے کیلئے لازم و معاشعبے ہیں

گوادر بلیو چیسن

ایک مضبوط اور ذمہ دار میڈیا معاشرے میں شہریوں کو ان کے حقوق و فرائض کا احساس دلانے میں اہم کلیدی کردار ادا کرتا ہے

ہم ہمیشہ پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا سے وابستہ میڈیا پرسنز کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ سیاست اور صحافت ایک دوسرے کے معاون شعبے ہیں جبکہ ایک مضبوط اور ذمہ دار میڈیا معاشرے میں شہریوں کو ان کے حقوق و فرائض کا احساس دلانے میں اہم کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ہم ہمیشہ پرنٹ، الیکٹرانک (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

امن و امان، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، بلال کاکڑ

وزیر اعلیٰ صوبے کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی درست سمت میں گامزن کرنے کے لیے شب و روز محنت کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی درست سمت میں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان میں شریک طالبہ کو لیپ ٹاپ دے رہے ہیں

دہشت گردی کا ناسور بلوچستان کے عوام کا سب سے بڑا دشمن ہے، ثمینہ ممتاز زہری

فتنہ الہندوستان کے سرپرست اور سہولت کار بلوچستان کے عوام کے خیر خواہ نہیں

اسلام آباد (پ ر) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشت گرد عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر پاک فوج، ایف سی، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی بہادری، پیشہ ورانہ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

تعمیراتی کام میں معیار اور تکنیکی اصولوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، سید رحمت اللہ

تعمیراتی کام میں معیار اور تکنیکی اصولوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کا بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ ایفیشیئنسی BSDI فیز-I کے ترقیاتی کاموں و پیش رفت کا جائزہ۔ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی نے واٹر سپلائی اسکیم (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

میر ظہور بلیدی سے بلال خان کاکڑ کی ملاقات

قدرتی و معاشی وسائل کو ترقی کے عمل سے منسلک کر کے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں، ظہور بلیدی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی سے چیئرمین بورڈ آف انویسٹمنٹ بلال خان کاکڑ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کے ترقیاتی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ اسکولوں کی مرمت و بحالی کے جاری منصوبوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رومیل نعیم جان کا پی ایچ ای کے مختلف پمپنگ اسٹیشنز کا دورہ

شہریوں کو پانی کی فراہمی میں بہتری اور دستیاب وسائل کو مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے، اسسٹنٹ کمشنر

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان نے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے مختلف پمپنگ اسٹیشنز کا دورہ کیا۔ (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا اہم اجلاس

ڈیجیٹلائزیشن اور ٹیکس انفورسمنٹ مزید موثر بنانے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کی زیر صدارت ٹیلی کمیونیکیشن، لیبر و مین پاور اور سیکیورٹی سروسز کے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، پولیس کی تیز رفتار گاڑی فٹ پاتھ سے ٹکرا کر رکشے پر الٹ گئی

کوئٹہ (یو این اے) پولیس کی گاڑی مبینہ طور پر بے قابو ہو کر سڑک کے فٹ پاتھ سے ٹکرانے کے بعد سامنے سے آنے والے رکشہ زرنج سے جا ٹکرائی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں سمیت رکشہ ڈرائیور شدید زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق حادثے میں ایک زخمی کی حالت تشویشناک ہے

گوادر، پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث دو ملزمان گرفتار، 125 ہونڈا برآمد

گوادر (یو این اے) گوادر پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چوری شدہ ہونڈا 125 موٹر سائیکل برآمد کر لی

بلوچستان 144 نافذ، اسلحہ پانچ یا زائد افراد کے اجتماع اور چہرہ ڈھانپنے پر پابندی

عوامی مقامات پر کسی بھی قسم کے ہتھیار کی نمائش، ساتھ رکھنے یا استعمال پر پابندی عائد، پابندیاں فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی اور 30 روز تک جاری رہیں گی

محکمہ داخلہ کی تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی انتظامیہ کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے صوبے بھر میں امن و امان اور عوامی تحفظ کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے اسلحہ کی نمائش، عوامی مقامات پر پانچ یا زائد افراد کے اجتماع اور چہرہ ڈھانپنے پر پابندی عائد کر دی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے جاری حکم نامے کے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

کمشنر کوئٹہ کا بلوچستان یونیورسٹی میں قائم جدیدای کامرس و آئی ٹی لیب کا دورہ

جدیدای کامرس و آئی ٹی لیب طلبہ کو ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل مہارتوں کے حصول کے نئے مواقع فراہم کرے گی، ڈیشان لاشاری

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ڈیشان لاشاری نے بلوچستان یونیورسٹی میں قائم کی جانے والی جدیدای کامرس و آئی ٹی لیب کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو منصوبے کی مجموعی پیش رفت، جدید آئی ٹی آلات (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

جیکب آباد پولیس کی بڑی کارروائیاں

قتل، اقدام قتل اور منشیات فروشی میں ملوث 3 ملزمان گرفتار، دیسی شراب برآمد

جیکب آباد (انیس جکھرانی) جیکب آباد پولیس نے ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا سلسلہ تیز کرتے ہوئے مختلف علاقوں سے قتل، اقدام قتل اور منشیات فروشی میں ملوث 3 روپوش و مطلوب ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

پاکستان ہمیشہ اپنی خودمختاری اور دفاع کیلئے تیار رہتا ہے، میر ضیاء لانگو

افغانستان اب اس غلط فہمی میں ہے کہ وہ بڑی طاقت بن چکا ہے اور انڈیا، ہندوستان کے پیسوں کے زور اور اسرائیل کے پیسوں کے زور پر پاکستان سے لڑنا چاہتا ہے

پاکستان کی فوج سرحدوں پر تیار بیٹھی ہے کہ اگر کسی نے پاکستان کی طرف میلی نظر سے دیکھا تو اسے منہ توڑ جواب دیں گے، پاکستان ایک اسلامی ملک ہے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ الحمدللہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور اسلام کی دولت سے مالا مال ملک ہے، پاکستان ہمیشہ اپنی خودمختاری اور دفاع کے لیے تیار رہتا ہے افغانستان غلط فہمی سے نکل کر اصلی حقائق پر آئے جنگ، دیگر ممالک کے مفادات اور ہندوستان کے پیسوں کی بجائے ایک اچھے ہمسائے کی طرح پاکستان کے ساتھ رہے اپنے جاری کردی بیان میں انہوں نے کہا کہ افغانستان ہمارا برادر ہمسایہ ملک ہے، افغانستان ایک غلط فہمی میں ہے کہ اس نے سوویت یونین کو شکست دی، وہ سوویت یونین بھی افغانستان کے اکیلے شکست (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مشاورتی مشن کیساتھ بلوچستان میں روزگار کے فروغ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی میں عوام کی شمولیت سے سیاسی مخالفین کی نیندیں حرام ہو چکی ہیں، میر علی حسن زہری

سیاسی مخالفین کی جانب سے دریجی جلسہ کو ناکام بنانے کیلئے مختلف ہتھکنڈے اور حربے استعمال گئے لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکے

فیلڈ مارشل عاصم منیر اور صدر پاکستان آصف علی زرداری بلوچستان کی ترقی و خوشحال کے خواہاں ہیں

جب (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ترجمان صدر پاکستان آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ بھوتانی برادران دریجی پر مسلط ہیں اب کسی کی اجارہ داری چلنے نہیں دینگے، سیاسی مخالفین کی جانب سے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

جماعت اسلامی حلقہ خواتین کا 25 ستمبر کو بھرپور احتجاجی جلسے کا اعلان

کہ عوام اپنے حقوق کے حصول تک جدوجہد جاری رکھیں، حلقہ خواتین

لاہور (پ ر) جماعت اسلامی حلقہ خواتین لاہور نے عوامی حقوق اور پٹرولیم لیوی کے خلاف جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے زندہ دلانِ لاہور سے 25 ستمبر کو بھرپور شرکت کی اپیل کی ہے۔ جماعت اسلامی حلقہ خواتین لاہور کی جانب سے جاری کردہ اطلاعیہ میں کہا گیا ہے کہ عوام اپنے حقوق کے حصول تک جدوجہد جاری (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

تعمیراتی پیش رفت اور معیار پر کڑی نظر رکھی جائے، صلاح الدین نورزئی

وزیر اعلیٰ اور چیف سیکرٹری تعلیم اور صحت کے شعبوں کی بہتری کے لیے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں

نصیر آباد: کمشنر نصیر آباد (خ ن) صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت محکمہ مواصلات و تعمیرات بلڈنگز کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں سپرنٹنڈنگ انجینئرز مواصلات و تعمیرات فدا حسین کھوسہ، ارسلا رند، ایگزیکٹو انجینئرز محمد (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول آزاد خان جمالی کی دو کمروں پر مشتمل نئی عمارت کا افتتاح

ڈپٹی کمشنر نے اسکول کے بچوں سے ملاقات کی اور اساتذہ سے تعلیمی امور کے حوالے سے گفتگو کی

گندا خہ (نورحسن جمالی) حکومت بلوچستان پی پی ایم یو SED کی جانب سے سرکاری اسکولوں میں پی ٹی ایس ایم سی کے ذریعے تعمیراتی منصوبوں کے تحت، تعمیر خلق فاؤنڈیشن کی نگرانی میں گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول آزاد خان جمالی کی دو کمروں پر مشتمل نئی عمارت کا (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر طاہر رشید بیوٹیشن اور کاسمیٹولوجی مین رائز پروگرام کے تحت تربیت حاصل کرنے والی گوادر اور پنجگور سے تعلق رکھنے والی خواتین سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر استا کی زیر صدارت زڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا جلاس

تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری کی مؤثر مانیٹرنگ کی جائے، محمد رمضان بلال

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان بلال کی زیر صدارت گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شبیر احمد لانگو سمیت (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

عابد بخاری کی صحافتی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، بی ایم ایف

عابد بخاری ایک باصلاحیت، مخلص اور متحرک صحافی تھے، قیوم بلوچ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ، جنرل سیکرٹری میر اللہ داد رند، دیگر تمام مرکزی و ڈویژنل عہدیداران اور اراکین مرکزی کمیٹی نے سینئر صحافی عابد بخاری کے انتقال پر دلی رنج و غم اور افسوس کا (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

مسائل کا حل طاقت نہیں آئین و مذاکرات اور عوام کے اعتماد کی بحالی میں ہے

ملیت الرحمن بلوچ

جگر گوشوں کا لاپتہ ہونا اور نوجوان لڑکیوں و نوجوانوں کا پہاڑوں کی طرف جانے سے بہت دکھ و افسوس ہوتا ہے

لاپتہ افراد کے گھروں پر ہر دن قیامت بن کر گزر رہا ہے، خدارا حکومت اور ادارے اس مسئلے کو سنجیدگی سے حل کریں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ زندہ انسانوں کو ماورائے آئین و قانون غائب کرنے سے خاندان کے خاندان تباہ ہو رہے ہیں۔ نائب امیر جماعت اسلامی چمن طالب عبدالحق 18 روز سے لاپتہ ہیں، حکومت و ادارے کہاں ہیں۔ حکومت اور متعلقہ ادارے فوری طور پر نوٹس لیتے ہوئے انہیں بحفاظت بازیاب کر کے اہل خانہ کے حوالے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے یونس لہڑی، چوہدری شبیر اور سید نوید حیدر ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

خود دار اقوام میں اصولوں، قومی وقار اور جمہوری مینڈیٹ پر سودے بازی نہیں کرتیں، مولانا واسع

آئین پاکستان ریاستی نظم و نسق کا بنیادی عمرانی و قومی میثاق ہے، جس پر ملک کی تمام اکائیوں اور قوموں کا اتفاق ہے

عوامی مینڈیٹ کو بے وزن، انتخابات کو بے معنی اور پارلیمان کو محض مہرِ تصدیق بنانے کی روش کسی صورت ملک کے مفاد میں نہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ خوددار قومیں اپنے آئینی اصولوں، قومی وقار اور جمہوری مینڈیٹ پر سودے بازی نہیں کرتیں، آئین پاکستان ریاستی نظم و نسق (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس کا اجلاس پیر کو ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کے ایک اعلامیہ کے مطابق پارلیمانی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس بروز پیر بوقت دوپہر 1 بجے صوبائی اسمبلی اسپیکر چیمبر میں منعقد ہوگا اراکین آرگنائزنگ کمیٹی میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن عبدالخالق اچکزئی پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان کھوسہ منسٹر ایجوکیشن میڈم راحیلہ حمید خان درانی پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ میر زرین خان مگسی اور رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل شامل ہیں

کمشنر سیبوی ڈویژن عرفان اللہ خان کا عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد کمشنر آفس سیبوی کا معائنہ

سیبوی (خ ن) کمشنر سیبوی ڈویژن عرفان اللہ خان نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد کمشنر آفس سیبوی کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے دفتر کے مختلف شعبوں، ریکارڈ اور دفتری امور کا جائزہ لیا اور متعلقہ عملے سے ان کے فرائض اور جاری امور کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ کمشنر عرفان اللہ خان نے دفتری امور میں نظم و ضبط، ریکارڈ کی بروقت تکمیل اور عوامی معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کی ہدایت کی۔

جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے بورڈ آف اسٹڈیز کا دوسرا اجلاس

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے بورڈ آف اسٹڈیز کا دوسرا اجلاس پی سی ٹی وی آئی کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا، جس میں بی ایس اکنامکس پروگرام سے متعلق تعلیمی امور، نصابی اصلاحات اور طلبہ کی پیشہ ورانہ ضروریات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883702
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ڈیشان لاشاری یونیورسٹی آف بلوچستان میں زیر تعمیر جدید آئی ٹی لیب اور ای کامرس کی بلڈنگ کا معائنہ کر رہے ہیں

عوامی سیلاب کو طاقت سے نہیں روکا جاسکتا، سید صادق آغا

مسافر ٹرانسپورٹ کی جبری بندش فوری ختم کی جائے۔ تحریک انصاف اپنے کارکنوں کے ساتھ کھڑی ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کو سبوتاژ کرنے کیلئے ملک بھر میں گرفتاریوں، اسلام آباد کو بند کر کے جیل میں تبدیل کرنے اور مسافر ٹرانسپورٹ کی جبری بندش کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

اساتذہ کی محنت، لگن اور تدریسی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں، فقیر محمد لاشاری

سکول کی عمارت کی حالت دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے، عمران خان لاشاری

گندا خہ (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز مڈل سکول فقیر محمد لاشاری کے ہیڈ ماسٹر استاد عمران خان لاشاری و دیگر تدریسی عملے سے تحصیل پریس کلب گندا خہ کے چیئرمین و پاکستان میڈیا کونسل ضلع اوستا محمد کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری فرید احمد قمرانی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سکول کی تعلیمی و انتظامی صورتحال، تدریسی امور، طلباء کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور درپیش (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان زیر تعمیر عبدالقدوس روڈ منصوبے پر جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا جائے، اکبر علی

شہر کی خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے تمام متعلقہ ادارے فعال کردار ادا کریں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی ہدایات پر ایس ڈی پی او اکبر علی اور ٹریفک انچارج عبدالجبار اوتمانخیل نے لورالائی شہر کا تفصیلی دورہ کیا اور مختلف شاہراہوں، بازاروں اور اہم مقامات پر صفائی ستھرائی، تجاوزات، ٹریفک کے نظام اور نکاسی آب (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

عوامی سیلاب کو طاقت سے نہیں روکا جاسکتا، سید صادق آغا

مسافر ٹرانسپورٹ کی جبری بندش فوری ختم کی جائے۔ تحریک انصاف اپنے کارکنوں کے ساتھ کھڑی ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کو سبوتاژ کرنے کیلئے ملک بھر میں گرفتاریوں، اسلام آباد کو بند کر کے جیل میں تبدیل کرنے اور مسافر ٹرانسپورٹ کی جبری بندش کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

اساتذہ کی محنت، لگن اور تدریسی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں، فقیر محمد لاشاری

سکول کی عمارت کی حالت دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے، عمران خان لاشاری

گندا خہ (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز مڈل سکول فقیر محمد لاشاری کے ہیڈ ماسٹر استاد عمران خان لاشاری و دیگر تدریسی عملے سے تحصیل پریس کلب گندا خہ کے چیئرمین و پاکستان میڈیا کونسل ضلع اوستا محمد کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری فرید احمد قمرانی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سکول کی تعلیمی و انتظامی صورتحال، تدریسی امور، طلباء کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور درپیش (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان زیر تعمیر عبدالقدوس روڈ منصوبے پر جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا جائے، اکبر علی

شہر کی خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے تمام متعلقہ ادارے فعال کردار ادا کریں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی ہدایات پر ایس ڈی پی او اکبر علی اور ٹریفک انچارج عبدالجبار اوتمانخیل نے لورالائی شہر کا تفصیلی دورہ کیا اور مختلف شاہراہوں، بازاروں اور اہم مقامات پر صفائی ستھرائی، تجاوزات، ٹریفک کے نظام اور نکاسی آب (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

نصیر آباد میں مختلف واقعات میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق، ایک شخص زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد فائرنگ کے مختلف واقعات میں ایک خاتون سمیت تین افراد جانبحق جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق نصیر آباد کے علاقے پولیس. تھانہ لانڈھی کی حدود بخشو میں نامعلوم مسلح افراد نے مقامی چرواہا شیر محمد ولد جلال خان منجھو کا گلہ دبا کر قتل کر کے فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی گئی جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی گئی ڈیرہ مراد جمالی ای اینڈ ٹی کالونی میں طالب علم مشتاق ولد محمد انور کھیری نے ٹی ٹی پسٹل سے فائرنگ کر کے خودکشی کر لی واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

نوکنڈی، پدگ میں پی ٹی سی ایل سسٹم کو نقصان، ضلع چاغی بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز بھی معطل

نوکنڈی (یو این اے) بلوچستان کے علاقے پدگ میں پی ٹی سی ایل سسٹم کو نقصان پہنچنے کے بعد نوکنڈی دالبندین سمیت ضلع چاغی بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز بھی معطل ہے، جس کے باعث صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے تفصیلات کیمطابق بلوچستان کیعلاقے پدگ میں پی ٹی سی ایل سسٹم کو شدید نقصان پہنچنے کے بعد نوکنڈی دالبندین سمیت ضلع چاغی بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز میں معطل ہے جس کے باعث صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

شہید محمد غیور بزدار کی روح کے ایصال ثواب کیلئے کوئٹہ میں فاتحہ خوانی 26 ستمبر کو ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) شہید محمد غیور بزدار اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر، اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کوئٹہ کی فاتحہ خوانی بروز ہفتہ، 26 ستمبر کو جامع مسجد ربانی، جی او آر کالونی، کوئٹہ میں صبح 9 بجے لی جائے گی، شہید محمد غیور بزدار حق نواز بزدار کے صاحبزادے، شیر زمان بزدار، محسن بزدار کے بھائی تھے

ہیٹ ویو سے بچاؤ کے لیے عملی اقدامات نہایت اہم ہیں، خالد خان

گرمی کی شدت سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے اپنے دفتر میں ٹریفک پولیس اہلکاروں اور سڑکوں پر کام کرنے والے ریڑھی بانوں میں یوویٰ (UV) چھتریاں تقسیم کیں۔ یہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے یونس لہڑی، چوہدری شبیر اور سید نوید حیدر ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں